فوری ریلیز کے لیے: 28/7/2023 گورنر **KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کی جانب سے بہتر تعمیراتی ٹیکنالوجیز کے لیے اگلی نسل کے تعمیراتی اختراعی چیلنجز پروگرام کی خاطر 18$ ملین کی سرمایہ کاری کا اعلان

ساتویں دور میں عمارتی کنٹرول کی انٹیلیجنٹ بلڈنگ کنٹرول ٹیکنالوجیز کا نیا چیلنج ایریا شامل ہے جو توانائی کے اثاثوں اور برقی لوڈز کا نظم کرتی ہیں

اس سے 2050 تک گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو 85 فیصد تک کم کرنے کے نیو یارک کی ملکی قیادت کرنے والے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے ہدف میں پیش رفت ہوئی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ اگلی نسل کے تعمیراتی اختراعی چیلنجز پروگرام کے تحت ان منصوبوں کے لیے 18$ ملین کی رقم دستیاب ہے جو صاف گرمائش، ہواداری اور ایئر کنڈیشننگ سسٹمز، انویلپس اور کنٹرول کے لیے جدید تعمیری ٹیکنالوجیز پیش کرتے ہیں۔ ساتویں دور میں عمارتی کنٹرول کے انٹیلیجنٹ حلوں کا نیا چیلنج ایریا شامل ہے، بشمول ان ٹیکنالوجیز کے فروغ اور کمرشلائزیشن کے، جو توانائی کے ان اثاثوں اور برقی لوڈز کا نظم کرتے ہیں جو کاربن کے اخراجوں کا خاتمہ کرنے اور برقی قوت پہنچانے کی مزید صلاحیت پیدا کریں گے۔ یہ اعلان 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے کے لیے ریاست نیو یارک کی قومی قیادت کرنے والے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے ہدف کی حمایت کرتا ہے۔

"ریاست میں گرین ہاؤس گیس کے اخراج کے بنیادی ذرائع میں سے ایک کو ظاہر کرنے والی عمارتوں کے ذریعے، یہ امر واجب ہے کہ ہم اس شعبے کو اس قدر ترقی دیں کہ اپنے موسمی اہداف کو حاصل کر سکیں اور اپنے کاربن فٹ پرنٹس میں کمی لائیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔**" اگلی نسل کا تعمیراتی اختراعی چیلنجز پروگرام ان متعدد وسائل میں سے ہے جو کہ ہم حقیقی حل کی نشاندہی اور فروغ کی خاطر استعمال کر رہے ہیں تاکہ موسمیاتی تبدیلی کے خلاف اپنی مسلسل جنگ کے باعث اپنی معیشت کو کاربن سے پاک کیا جا سکے اور اسے بجلی پہنچائی جا سکے۔"

اگلی نسل کا تعمیراتی اختراعی چیلنجز پروگرام، جو کہ ریاست نیویارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیقی و ترقی (New York State Energy Research and Development Authority، NYSERDA) کے زیر انتظام ہے، ان کمپنیوں کے لیے معاونت فراہم کرتا ہے جو نئی ٹیکنالوجیز کی بناوٹ، انہیں کمرشلائز کرنے اور منظرعام پر لانے میں معاونت کی پیشکش کرتی ہیں، جس سے عمارتی کارکردگی اور توانائی کی استعداد کار میں اضافہ ہو سکتا ہے، اور گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج کم ہو سکتا ہے۔ مذکورہ پروگرام انٹیلیجنٹ بلڈنگ کنٹرول حلوں کے نئے فوکس ایریا کے علاوہ جدید ٹیکنالوجیز، بشمول گراؤنٹ سورس ہیٹ پمپس، جدید ترین جیوتھرمل ٹیکنالوجیز، اور نئے قسم کے بلڈنگ انویلپ حلوں کی معاونت کرتا ہے۔

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق و ترقی کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا، "اگلی نسل کے تعمیراتی اختراعی چیلنج پروگرام کے ذریعے، ہم نئی صاف ٹیکنالوجی والی مصنوعات کو مارکیٹ میں داخل ہونے میں مدد دے رہے ہیں جو کہ عمارتوں کو کاربن سے پاک کرنے، انہیں بجلی پہنچانے، اور اس میں رہنے والوں کے لیے امدادی کارروائیوں میں پیش رفت کو بڑھاتی ہیں۔ موجودہ اور مستقبل کی عمارات کی میعاد کے پیش نظر، موجودہ وقت میں اپنے تعمیری اسٹاک کو اپ گریڈ کرنے کے لیے کی جانے والی سرمایہ کاریوں سے نیو یارک

کی نسلوں اور ان سے آگے کے لوگوں کو سہولیات فراہم ہوں گی اور ہمارا پروگرام کم اور متوسط آمدنی رکھنے والے رہائشیوں کو ان سرمایہ کاریوں سے مزید براہ راست انداز میں مستفید ہونے کو یقینی بنانے پر مرکوز ہے۔"

ریاستی سینیٹر Kevin Parker نے کہا، "چونکہ ہم موسمیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والے مسائل کے خلاف جنگ جاری رکھے ہوئے ہیں، لہٰذا ہمیں ایسے حل تلاش کرنے کی ضرورت ہے جو ہمارے آگے بڑھتے ہوئے تعمیراتی شعبے کو کاربن سے پاک بنانے میں مدد دیں گے۔ میں NYSERDA کی جانب سے جانفشانی سے کاموں کی انجام دہی کا معترف ہوں جو کہ اگلی نسل کی تعمیراتی ٹیکنالوجیز کے فروغ کی خاطر جدید طریقہ کاروں کی فراہمی کے لیے کام کر رہا ہے، اور اس سے نیو یارک کے رہائشیوں، بالخصوص پسماندہ کمیونٹیز میں رہنے والوں کے لیے فوائد میسر آئیں گے۔"

رکن اسمبلی Didi Barrett نے کہا، "نیو یارک کے CLCPA اہداف کے حصول کے لیے کاربن کے اخراجوں میں کمی ناگزیر ہے، کیونکہ ریاست کے اندر تمام تر اخراجوں کا 40 فیصد عمارات سے آتا ہے،" یہ کہنا تھا رکن اسمبلی Didi Barrett کا، جو کہ کمیٹی برائے توانائی کی صدر بھی ہیں۔ "توانائی اور بجلی کے لوڈز کا نظم کرنے کے لیے انٹیلیجنٹ بلڈنگ کنٹرول حلوں کے سلسلے میں پیش رفت کے لیے نئے مالیاتی محرکات کی تخلیق سے کاربن کے اخراجوں میں کمی لانے کے عمل میں مزید سہولت پیدا ہو گی جو کہ بالکل وہی عمل ہے جو کہ اگلی نسل کے تعمیراتی اختراعی چیلنجز کی جانب سے کیا جائے گا۔ اس پروگرام کے حوالے سے گورنر کی جاری و ساری معاونت کے لیے میں ان کی شکرگزار ہوں۔"

اس حالیہ دور میں جن شعبوں کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے گا، ان میں شامل ہیں:

- **بلڈنگ انویلپ سسٹمز اور اجزاء** – واحد خاندانی اور کثیر خاندانی سہولیات پر مشتمل عمارات کے لیے حل، جو کہ نئے مٹیریلز اور تعمیراتی تکانیک متعارف کروا کر گرمائش و ٹھنڈک کے اخراجات میں معقول حد تک کمی لائیں گے، آرام و سکون میں اضافہ کریں گے اور ظاہری حصے کو جدید تر بنائیں گے۔
- **گراؤنڈ سروس ہیٹ پمپ کی لاگت میں کمی** – ایسے رہائشی اور تجارتی عمارات کے لیے حل، جن سے نئے ہیٹ پمپس آلات، گراؤنڈ لُوپ ٹیکنالوجیز، اور ہائبریڈ سسٹمز کے ذریعے، سسٹم کی تنصیب کی لاگت میں 20 فیصد یا اس سے زائد کمی آئے۔
- **انٹیلیجنٹ بلڈنگز** – رہائشی اور تجارتی عمارات کے لیے ایسے حل، جو الیکٹرک سروس اپ گریڈز کے بغیر بجلی پہنچانے کی صلاحیت پیدا کرتے ہوں، لیگیسی اور مٹی کی توانائی کے سسٹم مربوط کرتے ہوں، اور رہائشیوں کے مطلوبہ آرام و سکون کو برقرار رکھتے ہوں، ساتھ ہی ساتھ عمارتی بجلی کی اعلیٰ طلب، اخراجوں اور گرِڈ پر پڑنے والے اثرات کو کم سے کم کرتے ہوں۔

NYSERDA حلوں پر مرتکز کثیر خاندانی سہولیات کی حامل عمارات کو ہدف بنانے والے اختراعی چیلنج کے چند شعبوں کے ذریعے ایسے حل تلاش کرنے میں خصوصی طور پر مصروفِ عمل ہے جو پوری ریاست نیو یارک کی کم سے متوسط آمدنی رکھنے والوں اور پسماندہ کمیونٹیز کو براہ راست فائدہ پہنچاتے ہوں۔ درخواستیں 27 ستمبر 2023 کو، ایسٹرن ٹائم کے مطابق سہ پہر 3:00 بجے تک قبول کی جائیں گی۔ مزید معلومات، بشمول اہل ٹیکنالوجیز کی مکمل فہرست، اور اس فنڈنگ موقع کے لیے درخواست دینے کی خاطر، براہ کرم NYSERDA کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ NYSERDA دلچسپی رکھنے والی کمپنیوں کے لیے دو ویبینارز کی میزبانی کرے گا جن میں شامل ہیں:

- معلوماتی ویبینار بتاریخ 15 اگست 2023، بوقت دوپہر 1:00 بجے۔
- تجاویز جمع کروانے کے حوالے سے ورک شاپ بتاریخ 22 اگست 2023، بوقت دوپہر 1:00 بجے۔

Vijay Modi، جو مکینیکل انجینیئرنگ، کولمبیا یونیورسٹی کے پروفیسر ہیں، ان کا کہنا تھا کہ، "انٹیلیجنٹ بلڈنگ سسٹم کی فراہمی کے لیے کیا گیا وعدہ اب پورا ہونے جا رہا ہے۔ وہ ٹیکنالوجیز، جو عمارتوں کے آرام و سکون کو بہتر بناتی ہیں، نیز عمارتوں سے کاربن کے اخراجوں میں کمی کی تحریک پیدا کرتی ہیں اور ابھرتے ہوئے قابل تجدید

اشیاء کے زیر اثر گرڈ کی ضروریات میں معاونت کرتی ہیں، اب میسر ہیں۔ اگلی نسل کا تعمیراتی اختراعی چیلنجز پروگرام اس ویژن کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے ایک بروقت موقع ہے۔"

Richard Yancey، ایگزیکٹو ڈائریکٹر برائے بلڈنگ انرجی ایکسچینج نے کہا، "NYSERDA کی موسمیاتی قیادت کے تحت، اگلی نسل کا تعمیراتی اختراعی چیلنجز پروگرام تجارتی طور پر ان اہم ٹیکنالوجیز کی نئی لہر کی معاونت کرے گا، جو پوری ریاست نیو یارک کے شہریوں کے لیے آرام و سکون میں اضافہ کرتے ہوئے توانائی کے استعمال، کاربن کے اخراجوں اور لاگتوں میں کمی لاتی ہیں۔ ہماری ریاست کے بامقصد موسمیاتی ایکٹ کے پیشِ نظر، نیو یارک کی تعمیراتی صنعت کو موثر بہ لاگت حلوں کی ضرورت ہے، جو سود مند برق کاری کی صلاحیت پیدا کرتے ہیں جبکہ زیادہ لاگت اور وقت صرف کرنے والی رکاوٹوں میں کمی لاتے ہیں جیسا کہ الیکٹریکل سروس اپ گریڈز۔ رواں سال کے پروگرام کی توسیعی توجہ تیزی سے اہمیت پاتی ہوئی ان ٹیکنالوجیز کی کمرشلائزیشن کی معاونت کرے گی جو مکمل برق کاری کی جانب منتقلی کے عمل میں سہولت پیدا کرتی ہیں، ساتھ ہی ساتھ یہ گرِڈ کے قابلِ اعتماد ہونے اور کرایہ داروں کے لیے لاگتوں میں کمی کو یقینی بناتی ہیں۔"

صدر، قومی ایسوسی ایشن برائے ریاستی توانائی کے افسران، David Terry نے کہا، "NASEO انتہائی پُرجوش ہے کہ وہ NYSERDA کو اگلی نسل کے تعمیراتی اختراعی چیلنجز پروگرام کے اس نئے دور کا آغاز کرتا ہوا دیکھے تاکہ عمارتی توانائی کی استعداد کار میں اضافہ کر کے جدید ٹیکنالوجیز کی انتہائی مطلوب ترقی اور ان کی کمرشلائزین کے عمل کو آگے بڑھایا جا سکے۔ اگلی نسل کا تعمیراتی پروگرام ان ریاستوں کی ایک اہم مثال ہے جو جدت و اختراع میں تیزی اور کاروباری مواقع میں اضافہ کرنے کے عمل میں قائدانہ کردار ادا کر رہی ہیں تاکہ ان کی ریاست کے توانائی، اقتصادی اور ماحولیاتی مقاصد کی تکمیل ہو سکے جبکہ ملک اور پورے عالم کو اس سے فائدہ پہنچے۔"

اس پروگرام کے گزشتہ چھ ادوار کے ذریعے، 64 منصوبوں کے لیے کُل تقریباً $45 ملین کی رقم مختص کی گئی۔ ان حلوں کو آگے بڑھانے میں مصروفِ عمل کمپنیوں میں اسٹارٹ اپس سے لے بڑی تسلیم شدہ معیار کی کمپنیاں شامل ہیں جو ٹیکنالوجی کے ایسے فرق کو ختم کرنے میں مصروف ہیں جو ریاست نیو یارک میں کاربن کے اخراجوں کے خاتمے کی راہ میں حائل رکاوٹیں ہیں۔ اس فنڈنگ موقع کے ذریعے وضع کردہ اور ظاہر کردہ جدید حل توانائی کے استعمال اور نیو یارک کے صارفین کے اخراجات میں کمی لائیں گے، نیز ان عمارتوں کو اس قابل بنائیں گے – جو ریاست بھر میں سالانہ ایک تہائی سے زائد مقدار میں اخراجوں کا سبب ہیں – کہ ان کی توانائی کی استعداد کار میں مزید اضافہ ہو، وہ لوڈ میں کمی بیشی کے لیے مطابقت پذیر ہوں، صحت مندانہ اور لچک پذیر ہوں۔

معمول کی سرمایہ کاریوں کے حصے کے طور پر توانائی کی استعداد کار اور برق کاری اپ گریڈز کو باہم مربوط کرنے سے کاربن کی آلودگی میں کمی آئے گی اور کم خرچ پر مزید مستحکم، صحت مندانہ اور پُرسکون عمارتوں کے حصول میں مدد ملے گی۔ رواں ماہ کے آغاز میں، پبلک سروس کمیشن کی جانب سے ایک حکم جاری کیا گیا جس میں 2026 سے 2030 تک NYSERDA اور یوٹیلیٹی توانائی کی استعداد کار اور عمارتوں کی برق کاری (Energy Efficiency and Building Electrification، EE/BE) پروگراموں کے لیے سالانہ $1 بلین کی رقم مختص کی گئی، جو کہ کُل $5 بلین تک پہنچ جائے گی، اور اس میں کم اور متوسط آمدنی والے (Low and Moderate Income، LMI)، دونوں پروگراموں، نیز مارکیٹ ڈویلپمنٹ پورٹ فولیوز کے لیے حکمتِ عملی پر مبنی فریم ورک اپنایا گیا ہے۔ فی الوقت، NYSERDA اور یوٹیلیٹی پروگراموں کے ذریعے، $6.8 بلین سے زائد کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے تاکہ ریاست بھر میں عمارتوں کو اپ گریڈ کرنے کے ساتھ ان کی تجدید کی جا سکے۔ بہتر استعداد کار اور موسم کے منفی اثرات سے بچاؤ کے ذریعے توانائی کے استعمال میں کمی لا کر، نیز گرمائش اور گرم پانی کے سسٹمز کو صاف تر متبادلات تک اپ گریڈ کر کے، ریاست نقصان دہ اخراجوں میں کمی لائے گی اور سنہ 2025 تک سائٹ پر توانائی کی کھپت کو 185 TBtu تک کم کرنے کے بامقصد ہدف کو حاصل کرے گی، جو کہ 1.8 ملین گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے برابر ہے، جبکہ مزید آن سائٹ اسٹوریج، قابلِ تجدید اشیاء اور الیکٹرک گاڑیوں کی چارجنگ کے آلات کے ذریعے کاربن کی آلودگی میں کمی لائے گی۔

یہ اعلان ریاست نیو یارک کی تحقیق، ترقی اور کمرشلائزیشن میں سرمایہ کاری کو مزید مہمیز دے رہا ہے تاکہ ایسے جدت طرازوں کی مدد کی جا سکے جو ریاست کی پوری معیشت میں کاربن کی غیر جانبداری کے لیے ریاست کے

ہدف کو پورا کرنے کے لیے درکار کم اخراج والی اور کاربن کو الگ کرنے والی ٹیکنالوجیز کو تیز تر کرنے پر کام رہے ہیں۔ NYSERDA کا اختراعی پروگرام 10 سال کے عرصے کے دوران گرانٹس اور ہمہ پہلو کمرشلائزیشن معاونت کے ذریعے براہ راست سرمایہ کاریوں کے طور پر 800$ ملین کی رقم مختص کر رہا ہے۔ نجی سرمایہ کاری میں 680$ ملین ڈالر سے زیادہ اور پروجیکٹ فنانس کیپیٹل میں 200$ ملین سے زیادہ کی رقوم فعال کی گ‍ءی ہیں، اور این وائی ایس ای آر ڈی اے کی ٹیکنالوجی اور کاروباری ترقی کی سرمایہ کاری کے نتیجے میں 450 سے زیادہ جدید صاف توانائی کی مصنوعات کو کمرشلائز کیا گیا ہے، جس میں LED لائٹنگ سسٹم ، گھریلو آلات ، طویل مدت تک چلنے والی بیٹریاں ، اور حرارت اور ٹھنڈک پیدا کرنے کے زیادہ مؤثر سسٹمز شامل ہیں۔

اس اقدام کے لیے فنڈنگ ریاست کے 10 سالہ، 6$ بلین والے Clean Energy Fund کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔ اس فنڈنگ کے بارے میں مزید معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40 فیصد ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے دستیاب بنائی جائیں۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے نیویارک 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاری کرنا اس تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 120 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 35$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 1$ بلین سے زائد، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط کو بھی اپنایا ہے، بشمول سنہ 2035 تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیے۔ تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 مصدقہ موسمیاتی سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور پوری ریاست میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ہوا کی نگرانی کرنے والی ریاست کی سب سے بڑی کمیونٹی پہل کاریوں کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف حاصل کرنے میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں